# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ ،08 ستمبر 2017ء

### حلقہ این اے 120 کے ضمنی انتخاب کیلئے بیلٹ پیپرز کی چھپائی کا فوج کی نگرانی میں آغاز

حلقہ این اے 120 کے ضمنی انتخاب کیلئے بیلٹ پیپرز کی چھپائی کے کام کا آغاز آج فوج کی نگرانی میں پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان پریس، لاہور میں شروع کر دیا گیا ہے۔ اس ضمن میں الیکشن کمیشن نے تین لاکھ پینتس ہزار سات سو (3,35,700) بیلٹ پیپرز کی چھپائی کا آرڈر دیا ہے علاوہ ازیں گیارہ ہزار XIV Statement of Account) (Form- پرنٹ کئے جائیں گے۔ بیلٹ پیپرز کی ترسیل 14 ستمبر 2017ء کو ڈی آر او این اے 120 کے دفتر میں فوج کی نگرانی میں کی جائے گی جبکہ 16 ستمبر کو دیگر الیکشن میٹریل کے ساتھ بیلٹ پیپرز بھی پریذائیڈنگ افسران کے حوالے کر دیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ بائیو میٹرک مشینیں بھی متعلقہ سٹاف کے حوالے کی جائیں گی۔

*************